| سبقی منصوبہ بندی 1 | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 6 | اُستاد کا نام: ________ |

| سبق کا نام: پاکستان کی تاریخی شخصیات | باب چہارم: تاریخ |
|---|---|

## مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- قیامِ پاکستان میں اپنے علاقے/صوبے کی شرکت اور جدوجہد کی وضاحت کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پاکستان کی تاریخ کے متعلق سوالات کریں:

- پاکستان کب آزاد ہوا؟
- سرسید احمد خان کا پاکستان کی تحریک میں کیا کردار تھا؟

ان سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 40 تا 41 متن کی پڑھائی کرائیں۔
- طلبہ کو بتائیں پاکستان کی تحریک آزادی میں تمام صوبوں اور علاقوں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔
- انھیں صوبہ سندھ کے کردار کے حوالے سے آگاہ کریں۔ سندھ سب سے پہلا صوبہ تھا جس نے مسلمانوں کی الگ ریاست کے قیام کے حوالے سے ایک قرار دا منظور کی۔ سندھی عوام میں آزاد ملک کا شعور پیدا کرنے میں سیاسی راہنماؤں کے ساتھ تاجروں، مذہبی راہنماؤں اور طلبہ نے اہم کردار ادا کیا۔
- تختہ تحریر پر نمایاں کر کے لکھیں۔ سندھ مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن اور سندھ مدرسۃ الاسلام کراچی کے طلبہ نے پاکستان کی تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔
- تختہ تحریر پر صوبہ سندھ کے اہم راہنماؤں کے نام لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| سر عبداللہ ہارون | محترمہ فاطمہ جناح | قائداعظم رحمتہ اللہ علیہ |
| محمد ایوب کھوڑو | رعنا لیاقت علی خان | بیگم عبداللہ ہارون |

- طلبہ کو صوبہ پنجاب کے قیامِ پاکستان کے حوالے کردار کی وضاحت کریں۔ صوبہ پنجاب ہمیشہ سے سیاسی سرگرمیوں کا مرکز رہا ہے۔ آزاد ریاست کے حصول کے لیے پنجاب کے طلبہ نے دن رات مثالی کام کیا۔

پنجاب مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن نے پنجاب کے شہروں اور دیہاتوں میں قائداعظم رحمتہ اللہ علیہ کا پیغام پہنچایا۔

- تختہ تحریر پر صوبہ پنجاب کے اہم رہنماؤں کے نام لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ | سر فضل حسین | مولانا ظفر علی خان |
| چوہدری رحمت علی | سر محمد شفیع | سکندر حیات |

- طلبہ کو مزید بتائیں قرارداد پاکستان بھی پنجاب کے مشہور شہر لاہور میں 23 مارچ 1940ء کو منظور کی گئی۔ بالآخر 3 جون 1947ء کو پنجاب کے مسلم اکثریت والے علاقوں کو پاکستان میں شامل کرنے کا اعلان کر دیا گیا۔

**اعادہ** **3 منٹ**

پڑھائے گئے تصور کا مختصراً اعادہ کرائیں۔

**جائزہ:** **5 منٹ**


مشق جزو 2 کا سوال (i) کا جواب طلبہ سے پوچھیں اور جواب کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2 منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال نمبر 1: تحریک پاکستان کے اہم رہنماؤں کے ناموں کو ان کے متعلقہ صوبوں سے ملائیں۔



| دوسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب چہارم: تاریخ | سبق کا نام: پاکستان کی تاریخی شخصیات |
|---|---|

## مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- قیام پاکستان میں اپنے علاقے/صوبے کی شرکت اور جدوجہد کی وضاحت کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- صوبہ پنجاب میں تحریک پاکستان کے حوالے سے کیا اہم پیش رفت ہوئی؟
- صوبہ سندھ کے تعلیمی اداروں کے نام بتائیں جو تحریک پاکستان میں اہم کردار ثابت ہوئے۔
- صوبہ سندھ کے اہم رہنماؤں کے نام لکھیں۔

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو بتائیں آج کے سبق میں خیبر پختونخوا، بلوچستان اور گلگت بلتستان، آزاد جموں کشمیر کے کردار پڑھیں گے۔ صفحہ نمبر 42 تا 43 متن کی پڑھائی کرائیں۔
- طلبہ کو بتائیں جب تحریک پاکستان کا آغاز ہوا تو صوبہ خیبر پختونخوا نے بھی اپنے حقوق کے لیے آواز اٹھائی۔ اسلامیہ کالج پشاور کے طلبہ نے تحریک پاکستان بھرپور حصہ لیا اور قرارداد پاکستان کی حمایت کی۔
- خیبر پختونخوا کے اہم راہنماؤں کے نام تختہ تحریر پر نمایاں کر کے لکھیں۔

| | |
|---|---|
| سردار عبدالرب نشتر | سردار اورنگزیب |
| جسٹس سجاد احمد خان | خان بہادر اللہ خان |

- طلبہ سے پوچھیں رقبے کے لحاظ برصغیر کا سب سے بڑا صوبہ کون سا تھا۔ انھیں بتائیں جغرافیائی محل وقوع کے لحاظ سے بلوچستان سب سے بڑا صوبہ تھا۔ یہاں تحریک آزادی کا آغاز کافی دیر بعد ہوا 1939ء میں قائد اعظم رحمتہ اللہ علیہ کی ہدایت پر قاضی محمد عیسیٰ نے بلوچستان میں مسلم لیگ کو مستحکم کیا۔ طلبہ کو بتائیں بلوچستان کے عوام نے قرارداد پاکستان

1940ء کی بھرپور حمایت کی۔اور بلوچستان کے شاہی جرگے نے جون 1947ء میں پاکستان میں شامل ہونے کا فیصلہ دیا۔

- طلبہ کو بتائیں گلگت بلتستان اور کشمیر پر مہاراجہ ہری سنگھ کے زیر نگین تھا۔اس نے یہاں کے عوام کی اُمنگوں کے بر عکس ہندوستان میں شامل ہونے کا فیصلہ دیا۔اس پر یہاں کے عوام نے مہاراجہ کے خلاف جہاد کا اعلان کر دیا۔اور کشمیر کا کچھ حصہ آزاد کروایا، جسے آج آزاد جموں کشمیر کہا جاتا ہے۔

**اعادہ** 3منٹ

پڑھائے گئے تصور کا مختصراً اعادہ کرائیں۔

**جائزہ:** 5منٹ

پڑھائے گئے سبق کے متعلق طلبہ سے سوالات کے جوابات لیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

| دوسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: گلوب اور نقشے کی مہارتیں |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- نقشے کی وضاحت کر سکیں اور بولٹس (BOLTS) کی اصطلاح کی مدد سے نقشے کو پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** **5 منٹ**

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

تختہ تحریر پر BOLTS کی ہیڈنگ لکھیں اور طلبہ سے پوچھیں کہ اس کا کیا مطلب ہے؟

جواب دینے پر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** **25 منٹ**

- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 45 تا 47 متن کی پڑھائی کرائیں۔
- طلبہ سے پوچھیں کہ نقشہ کسے کہتے ہیں۔
- طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا موقع دیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ نقشہ زمین یا زمین کے کسی حصے کو ایک ہموار سطح پر ظاہر کرنے کا نام ہے۔ کسی جگہ یا مقام کو تلاش کرنے کے لیے نقشوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ نقشہ زمین یا اس کے کسی حصے کی تصویر ہوتا ہے۔ نقشہ کسی گھر یا اسکول کا بھی ہو سکتا ہے اور کسی قصبے، شہر یا ملک، شہر یا ملک کا بھی۔ نقشوں کی مدد سے ہم آبی ذخائر جیسے سمند، دریا وغیرہ بھی تلاش کر سکتے ہیں۔
- تختہ تحریر پر کسی جگہ کا نقشہ چسپاں کریں اور طلبہ کو اس نقشے پر دیے گئے عناصر کو باری باری واضح کریں۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے ان عناصر کے مقاصد اور استعمال بتائیں۔
- نقشے کی حدود سے مراد اس کے چاروں طرف لگی لائینں ہیں۔
- نقشے پر قطب نما کی مدد سے سمت کو معلوم کرنا اورینٹیشن کہلاتا ہے۔ شمال، جنوب، مشرق اور مغرب چار بنیادی سمتیں ہیں۔

- زمینی خدوخال مثلاً پہاڑ، میدان، صحرا وغیرہ اور درختوں، پودوں، سڑکوں، عمارات کو ظاہر کرنے کے لیے نقشوں پر خاص علامات استعمال کی جاتی ہیں۔ نقشے پر علامات کو ایک فہرست کی صورت میں دکھایا جاتا ہے جسے علامتی فہرست کہتے ہیں۔ نقشے کو ایک عنوان دیا جاتا ہے۔ زمین کے فاصلوں کو نقشے پر چھوٹے فاصلوں سے نسبت دی جاتی ہے، اسے پیمانہ کہتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ** | **3منٹ** |

سبق کے نکات کا اہم خلاصہ پیش کریں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **5منٹ** |

متن جزو(ا) سے سوال(i)اور(ii)طلبہ سے پوچھیں۔

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

گھر میں سبق کی دہرائی کریں۔